بچ گئے اپ... ورنہ آپ کی بیگم نے ہمارے سامنے آپ کی کر دینی تھی..

حارث مسکراہٹ دبا کر بولا تو انس نے بھی اُس کی ہاں میں ہاں ملائی..

انس بیٹا آپ جتنے دن کے مہمان ہیں شرافت سے رہیں.. اور حارث ایسے کونسا تمہاری شادی ہو جانی ہے..

یاسر استزہیہ بولا.. انکھوں سے شرارت جھلک رہی تھی.. وہ دونوں کی بولتی بند کر چکا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی انٹی...!!

آپ فکر نہ کریں میں حرا کو بہنوں کی طرح رکھوں گی..

بس بیٹا وہ بہت ڈری ہوئی ہے.. وہ دیکھو اب بھی سہمی ہوئ بیٹھی ہے..

شفق بیگم نے اسٹیج کی طرف دیکھتے کہا.. جہاں حرا سر جھکائے بیٹھی ہوئی تھی.. یاور کوئ بات کر رہا تھا اُس کے کان میں..

آپ پریشان نہ ہوں.. اُس کی کوئ بہن نہیں ہے.. اس موقع پر بہنیں بہت ساتھ نبھاتی ہیں.. اکیلی ہے ناں.. اس لئے زیادہ گھبرا رہی..

ہاں دوستیں بھی بہت کم ہیں.. اور اج وہ ائیں بھی نہیں.. اپنی بھابی کو ہی بہن بنایا ہوا تھا.. لیکن بس...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفق بیگم افسردہ ہوتے بولیں..

کوئی بات نہیں انٹی میں بھی اُس کی بہن ہی بن جاؤں گی..

بہن سے یاد ایا.. تمہاری بہن نہیں ائی.. ؟؟عابی اکیلا ایا ہے..

شفق بیگم کو اچانک یاد ایا تو پوچھے بنا نہ رہیں.

جو انٹی وہ طبیعت نہیں ٹھیک تھی.. انس ایا ہوا ہے..

ایمان نے نظریں چُراتے بتایا..

ہاں میں ملی ہوں اُس سے... "ماشاءاللہ " بہت سلجھا ہوا لڑکا ہے.. حارث اور اُس کی کافی دوستی ہو گئی ہے..

جی دونوں کا ایک ہی دکھ ہے کنوارے پن کا...

ایمان ہنستے ہوئے بولی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں جب تک عاقب کا دوبارہ گھر نہیں بس جاتا..تب تک حارث کی شادی نہیں کر سکتی..

جی عاقب بھائ کی ڈائیورس کو کافی عرصہ ہو گیا تو آپ نے اب تک شادی کیوں نہیں کروائ..

ایمان کو شفق بیگم نے عاقب کی طاق کابتایا تھا..کہ اس کی بیوی اچھی نہیں تھی تو علیدیگی ہو گئ..

بیٹا ایک بات کہو.. بُرا تو نہیں مانو گی..

شفق بیگم نے جھجھکتے ہوئے پوچھا..

جی انٹی کہیں..

تمہاری بہن بھی اکیلی ہے ایک بیٹے کا ساتھ بھی ہے.. تو کیوں ناں عاقب اور اُس کی شادی کروا دیں... عابی بھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب کے ساتھ کافی گھل مل گیا ہے..دونوں ہی چوٹ کھائے ہوئے ہیں.

انٹی یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں.. میری بہن کی شادی

سوچ لو.. مشورہ کر لو...یاسر اور اپنے بھائ سے پھر جواب دینا..

شفق بیگم ایمان کو حیران و پریشان چھوڑ کر اسٹیج کی طرف چلی گئیں..

ایمان تھوڑی دیر تو سکتے میں کھڑی رہی.. پھر عابی کو چاروں طرف دیکھنے لگ گئ.. کہیں نظر نہ ایا تو اضطرابی کیفیت میں یاسر کی طرف لپکی..

"یاسر عابی کہاں ہے.. ؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ہو گیا ہے.. اتنی ہانپ کیوں رہی ہو... ؟؟

یاسر ایمان کے تاثرات دیکھ کر بولا.. پھر ادھر اُدھر دیکھنے لگ گیا..

"انس عابی کہاں ہے.. ؟؟"

دور کھڑے انس کو ہانک لگاتے پوچھا...

عاقب بھائ کے ساتھ دیکھا تھا اُسے..

انس بھی اُن کی طرف اتے بولا..

لیکن وہ دونوں ہی حال میں نہیں ہیں..

ایمان بے چینی سے بولی. اُسے فکر لاحق ہو گئ تھی.. کہیں عابی سچ میں ہی عاقب کے ساتھ اٹیج نہ ہو جائے..

تینوں ہی ادھر اُدھر دیکھنے لگ گئے.. پھر کسی سے پوچھنے پہ پتہ چلا تو وہ گھر کے اندر کی طرف بڑھے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عابی صاحب عاقب کا موبائل پکڑے اُسی کی گود میں بیٹھے گیم کھیل رہے تھے.. وہ اسٹڈی میں لے ایا تھاعابی کو...لاونچ میں کافی مہمان بیٹھے ہوئے تھے..اس کی اسٹڈی میں کوئ نہیں اتا تھا..وہ تنہا وقت یہاں ہی گزارتا تھا.. عاقب خود نہیں جانتا تھا. اُسے عابی کے ساتھ وقت گزارنا کافی اچھا لگ رہا تھا.. اس لئے اُس کی چھوٹی چھوٹی باتوں پہ بھی مسکرا رہا تھا..

عابی کافی ٹائم ہو گیا ہے.. کتنا زیادہ یوز کرتے ہو آپ فون..چلو چلتے ہیں..

Win lose ..او ہو پرنس گیم کھلتے ہوئے بہت مزہ اتا ہے ہوتا رہتا ہے..

اچھا جب عابی ہارتا ہے تب اُسے کیسا لگتا ہے.. ؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاریں گے تو جتیں گے ناں...

عابی اپنی ہی معصومیت سے بولا تھا..

ٹھیک کہہ رہے ہو لٹل پرنس..

سب کچھ ہار کر جو جیت ملتی ہے وہ ہی انسان کی اصل " جیت ہوتی ہے.. "

جیتنے کے لئے جتنی دفعہ ہارنا پڑے ہارو.. انسان کو تب " تک ہار قبول نہیں کرنی چاہئے.. جب تک اُس کی ہمت جواب نہ دے جائے"

ہار کر جیتنے کا اپنا ہی مزہ ہے..

عاقب اپنے ہی دھیان میں بول رہا تھا..

بلکل یہ ہی میں کہتا ہوں..

یہ دیکھیں اب میں ہار گیا... دوبارہ سے زیادہ اچھی طرح سے کھیلوں گا تو وِن کروں گا.. "مم کہتی ہیں..!!!"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بسمہ اللہ" پڑھ کر کوشش شروع کرو..اللہ کہتا ہے..!! میں " آپ کے ساتھ ہوں..بس ہمت نہ چھوڑنا.."

عابی ابھی بول ہی رہا تھا کہ اسٹڈی کا دروازہ کھول کر یاسر اور ایمان اندر آئے..

ارے ہم نے کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا...تم دونوں کو.. اور آپ دونوں یہاں بیٹھے ہو..

یاسر سر پر ہاتھ مارتے بولا..

ایمان نے سنجیدگی سے عاقب کی گود سے عابی کو اُتارا.

" چلؤ.. "

سرد لہجے میں کہا گیا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھابی باہر شور بہت تھا.. یہ اداس ہو رہا تھا تو میں یہاں لے آیا...

ایمان نے عابی کے ہاتھ سے فون پکڑ کر عاقب کی طرف بڑھایا تو عاقب نے صفائ دی.. ایمان کے تاثرات دیکھ کر تو عاقب کے ساتھ ساتھ یاسر بھی شاکڈ تھا..

کوئ بات نہیں بھائ.. عابی کو لے کر ہم سب بہت ٹچی ہیں.. انس نے ماحول پہ چھائ مایوسی کم کرتے کہا..

چلو اب....سکون تو ہے نہیں..

ایمان نے عابی کا بازو پکڑتے کہا..

خالہ طحہ کو ڈانٹا نہیں کیا.. جو میرے پیچھے پڑ گئیں...ارام سے گیم کھیل رہا تھا.. آپ لوگ تو فون دیتے نہیں.

منہ پھلا کر ناراضگی ظاہر کی گئ تھی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے میں اپنے شہزادے کو اپنا فون دیتا ہوں ناں.. خالہ کو چھوڑو.. یہ لو..

یاسر عابی کو اپنی گود میں اِٹھاتے ماتھے پر بوسہ دیتے بولا..

ا جاؤ باہر...ہم بس تھوڑی دیر میں نکل رہے ہیں.. کافی مہمان جا چکے ہیں..

یاسر نے عاقب کو کہتے ایمان کو باہر نکلنے کا اشارہ کیا جو دائیں سائیڈ کی دیوار پر لگی لارج سائز کی تصویر کو گھورے جا رہی تھی.. اور یہ ہی حال انس کا بھی تھا..یاسر نے اُس کی نظروں کا تعاقب کرتے دیکھا تو لب بھینچ گیا.. عابی کا دھیان فون پر تھا.. غیر محسوس طریقے سے وہ عابی کو لئے سائیڈ پر ہو گیا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھابی یہ میری وائف ہیں..

عاقب نے ایمان کی الجھن زدہ نظروں کو سمجھتے کیا..

انس نے فوری ایمان کے کندھوں پہ ہاتھ رکھے تھے..اپی چلیں.. اور زور دیتے بولا تھا.. البتہ یاسر انجان بنتا خاموش کھڑا تھا.. اور انے والے لمحات کے لئے خود کو تیار کر رہا تھا..

آپ کی مام نے میییرررییییی بہن کے لئے آپ کے رشتے کی بات کی ہے..

ایمان استزہیہ بولی...

"بھابی یہ آپ کیا کہہ رہیں ہیں.. ؟؟"

عاقب دنگ ہی تو رہ گیا تھا..

ایمان ہم اکیلے میں بات کریں گے..ابھی عابی ساتھ ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر کو ایمان کے سنجیدگی کی وجہ سمجھ ا گئ تھی..تبھی بعد میں پر زور دیتے بولا.. البتہ انس بس عاقب کو گھور رہا تھا..

" آپ کی ہمت کسے ہوئ میری بہن سے ایسے شادی کرنے کی.. ؟؟"

ایمان نے جس انداز میں کہا تھا...یاسر کا دل کیا اپنا سر پیٹ لے...لیکن عاقب کو کسی اور ہی طرح ایمان کے غصے کا مطلب سمجھ ایا تھا کہ اُس کی بہن سے شادی کرنے کی بات کیوں کی.. عابی بھی سر اٹھائے اُن کو دیکھ رہا تھا..

بھابی آپ کو غلط فہمی ہوئ ہے.. میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے.. ماں کو میں منع کر دوں گا..میں شادی شدہ ہوں اور اپنی بیوی سے بہت پیار کرتا ہے.. ہمارے درمیان کچھ اختلافات ہیں جو جلد ہی ختم ہو جائیں گے.. دوسری شادی کا تو میں نے کبھی تصور بھی نہیں کیا..

عاقب نے ایمان کا غصہ ٹھنڈا کرنا چاہا.. وہ خود بھی بہت شاکڈ تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کی بیوی..

ایمان بس کرو....چلو..

یاسر نے سخت نظروں سے ایسے باور کروایا کہ ایمان چپ کر گئ یاسر نے انس کو اشارہ کیا کہ ایمان کو باہر لے جائے..

ایمان انس کے ہاتھ جھٹکتی تن فن کرتی باہر نکلی.. انس ایمان کو پکارتا اُس کے پیچھے لپکا..

سوری یار بس وہ ہائیپر ہو گئ تھی..

یاسر بھابی کو اچھے سے سمجھا دینا.. عینہ کے علاوہ عاقب کی زندگی میں کسی کی گنجائش نہیں..عینہ نہیں تو کوئ بھی نہیں..

عاقب اپنے آپ پر ضبط کرتے بولا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر کبھی میری وجہ سے دکھ یا تکلیف پہنچے تو میری مجبوری سمجھ کر معاف کر دینا.. میرے ہاتھ بندھے ہوں گے کسی کی قسم سے..

یاسر نے ندامت سے سوچتے کہا تو عاقب پھیکا سا مسکرا دیا..

کسی باتیں کر رہے ہو.. بھابی کا غصہ کرنا بنتا تھا.. جاؤ دیکھو بھابی کو..

عاقب کے کہنے پر یاسر عابی کے گرد گرفت مضبوط کرتا باہر نکلا..

پرنس خالہ سب پہ غصہ کرتی ہیں.. اج آپ کی شامت ا گئ..

عاقب اُن کے پیچھے ہی چلتا باہر ا رہا تھا کہ عابی نے پیار سے دیکھتے کہا.. (مطلب کچھ نہیں ہوتا)

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دور جاتے عابی کو دیکھتے عاقب کو لگا کوئ بہت اہم چیز اُس سے دور جا رہی ہے.. لیکن وہ بے بس تھا.. کس حق سے روکتا..

گھر چلؤ..

یاسر خفگی سے اُن کے نزدیک اتے بولا.

انس تم عابی کو لے کر واپس جاؤ..

نہیں خالہ مجھے شادی دیکھنی ہے..

عابی ضدی لہجے میں بولا

یہاں رہے تو ماں سے ہاتھ دھو بیٹھو گے.. انس نکلو تم لوگ واپسی کے لئے..

وہ سب لوگ چلتے ہوئے باتیں کر رہے تھے.. یہ جانے بغیر عاقب پیچھے اتا اُن کی باتیں سن چکا تھا..

ایمان

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..یاسر آپ بات ہی نہ کریں

..ایمان نے غصیلے انداز میں منع کیا

پھر ایمان شفق بیگم سے ملے بغیر غصے میں واپس گھر ا گئ تھی.. انس اور عابی ابھی ادھر ہی تھے..یاسر نے واپس جانے سے منع کر دیا تھا.. ایمان کا سوچ کر سر دکھ ..رہا تھا

بھائ بھابی کو کیا ہوا.. ؟؟"اسے اچانک ا گئ.. ملیں بھی " ..نہیں کسی سے

یاسر ایمان سے بحث کر کے کمرے سے باہر نکلا تھا تو ..یاور فکرمندی سے پوچھے بنا نہ رہا

کچھ نہیں.. سر میں درد تھا اُس کے...تم جاؤ...باہر تمہارے ..دوست انتظار کر رہے ہیں

یاسر تھکے ہوئے انداز میں بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا چلیں میں فرید سے کہہ کر چائے بھجواتا ہوں..

انس کہاں ہے..؟؟" اور عابی.. ؟؟"

یاور جانے لگا تو یاسر نے ایک جھٹکے سے پوچھا..

انس اپنے کمرے میں ہے.. اُس کے بھی سر میں درد ہو رہی تھی...اور عابی طحہ تانی کے روم میں.. ہمیشہ کی طرح تگنی کا ناچ نچا رہا ہو گا.. ویسے بھائ بہت معصوم ہیں آپ کے بچے.. اور عابی اللہ کی پناہ..

یاور ہنستے ہوئے بولا تو یاسر بھی زبردستی مسکرا دیا.. پھر کچھ سوچتے انس کے کمرے کی طرف چل دیا..

چائے ادھر بھجوانے کا کہہ دینا..

جی بھائی..

یاور بھی ہاں میں سر ہلاتا چلا گیا..

انس دیکھو میں جانتا ہوں تم بھی ناراض ہو مجھ سے.. لیکن سحر نے منع کیا تھا..تو میں کیا کرتا.. عاقب بہت اچھا ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائ میں صرف یہ سوچ رہا ہوں..جب وہ شخص سحرو سے اتنی محبت کرتا ہے تو ایسا کیا ہوا..

عابی کی زندگی اور عاقب کے گھر والوں کو پریشانیوں سے بچانے کے لئے وہ عاقب سے دور ہو گئ.. پھر یاسر نے ساری کہانی سنانے کا فیصلہ کیا..

سب بتانے کے بعد یاسر نے ایک ہی سانس میں گلاس میں موجود پانی اپنے اندر انڈیلا..تاکہ اندر کی کھولن کم ہو..

یاسر بھائ مجھے دکھ اس بات کا ہے میری بہن نے سگے بھائ سے زیادہ آپ پہ اعتبار کیا.. کاش! جتنا آپ پہ مان ہے اتنا مجھ پر بھی ہوتا.. مجھے پتہ ہے..میں اچھا بھائ نہیں بن پایا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اپنی بہن کو سمجھاؤ.. شادی والا گھر ہے.. جذباتی نہ ہو

..یاسر نے سر مسلتے فکر مندی سے کہا

آپ فکر نہ کریں.. میں شادی اٹینڈ کر کے جاؤں گا.. ورنہ سب کیا سوچیں گے.. میں عابی کو لے کر چلا گیا..

انس نے یاسر کو یقین دہانی کروائ. تو یاسر سر ہلاتے اُسی کے بستر پر دراز ہو گیا...

..تمہاری بہن نے اج کمرے میں گھسنے نہیں دینا

..آنکھیں بند کرنے سے پہلے جتایا گیا

عاقب کمرے میں ٹہلتا اُن کی باتوں کے بارے میں ہی سوچ رہا تھا..

..مام سے بات کرتا ہوں شادی گزر جائے خیر خیریت سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عینہ کے علاوہ مام نے کسی اور کا سوچا بھی کسے

...عینہ کہاں ہو یار

جانتی ہو.. میں تمہے دیکھنے کے لئے اتنا تڑپتا ہوں کہ ..انسو نہیں روک پاتا..میرا ضبط کسی دن ٹوٹ جائے گا

...لوٹ اؤ پلیز.. تمہے دیکھے بغیر مر بھی نہیں سکتا

گھر والے میرا نام کسی اور سے جوڑنا چاہ رہے ہیں..اس بار میں ایسا نہیں ہونے دوں گا

لیکن بھابی کو میرے بارے میں ایسا نہیں سوچنا چاہیے تھا.. میں کیوں کسی کی ماں سے اُس کا بیٹا چھینوں گا.. مام نے ..تو مجھے دو کوڑی کر کر دیا ہے

عاقب تھکے انداز میں سوچتا بیڈ پر گیرنے کے انداز میں دیکھا.. اور عینہ کی تصویر سینے پر رکھ کر سکون ..محسوس کرنے لگا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا بیوٹیشن ا گئ ہے..

شفق بیگم حرا کو بتانے ائیں تھیں.. لیکن حرا کو روتے دیکھ کر اُن کی اپنی انکھیں بھر آئیں..

بس کر دو میری جان طبیعت خراب کر لو گی..

شفق بیگم اُس کے انسو پونجتے بولیں..

مام میرے اندر عینہ بھابی جتنا حوصلہ نہیں ہے.. دعا کریں آپ کی بیٹی سے کسی کو کوئ تکلیف نہ پہنچے..

میں جانتی ہوں ہر لڑکی کو ایک نہ ایک دن جانا ہوتا ہے.. مجھے بس ڈر اس بات کا ہے. کہیں وہاں میرے ساتھ کچھ ایسا نہ ہو کہ آپ کی بیٹی برداشت نہ کر پائے.. عینہ بھابی آپ کا رویہ سہہ لیتی تھیں.. میں نہیں سہہ پاؤں گی..

نہیں میری جان.. میری حرا تو ہیرا ہے..سب ٹھیک ہو گا.
"ان شا ء اللہ " چلو اب فریش ہو جاؤ..تیار ہونا ہے ناں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفق بیگم ایک دم گر برا گئیں...پھر حرا کو تسلی دیتی بولیں..

ایمان بھابی رات کو مل کر نہیں گئیں..

حرا اٹھتے ہوئے بولی..

ہاں میں بھی یہ ہی سوچ رہی.. تیور ٹھیک نہیں لگ رہے تھے.. کوئ بات بُری لگی تھی تو بتا دیتی..

شفق بیگم حرا کی چیزیں ڈریسر پہ رکھتی بولیں..

چلیں اج پوچھ لینا..

میں عاقب بھائ سے مل کر اتی ہوں..

اچھا جاؤ...

شفق بیگم نے پیار سے کہا تو حرا منہ صاف کرتی کمرے سے نکل گئی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان اج موڈ ٹھیک رکھنا.. میں اسی لئے تمھے بتا نہیں رہا تھا..تم اپے سے باہر ہو جاتی ہو..

یاسر نے سنجیدگی سے منت کی.. ایمان کو بھی وقت کی سنگینی کا احساس ہوا تھا...اس لئے چپ چاپ تیار ہو کر بارات کے ساتھ ا گئ تھی.. سب سے مل کر الگ تھلگ کھڑی ہو گئ تھی..

اجاؤ..وہ دیکھو.. عاقب حارث حرا کو لے کر ا رہے ہیں..

زبردستی ایمان کو گھسیٹتے اسٹیج پہ لے کر ایا.. یہاں بھی ایمان چپ چپ ہی رہی.. عابی اج انس کے ساتھ ہی تھا.. انس کو عابی کو بہیلانے کا طریقہ پتہ تھا..

عاقب کا کتنی ہی بار دل کیاکہ عابی کے پاس جائے.. لیکن وہ کل والی بات کی وجہ سے رُک جاتا..

ایمان بیٹا کوئ بات بُری لگ گئ ہو تو بتا دو...یون ناراض تو نہ ہو..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسٹیج پہ نکاح کے بعد رسمیں ہو رہیں تھیں.. جب شفق بیگم ایمان کو نیچے جاتے دیکھ کر گھبرا کر اُس کے پاس آئیں..

نہیں انٹی.. بس تھکاوٹ ہو گئ ہے.. اس لئے رسموں میں اگے نہیں ہوئ.. یاسر ہیں..

ایمان نے بے زاری سے جواب دیا..

چلو پھر ٹھیک ہے.. شادی گزر جائے پھر سکون سے ریسٹ کرنا.. اور میری بات پہ غور بھی کرنا..

"آپ میری بہن کو قبول کر لیں گی.. ؟؟"

فٹ پوچھا گیا.

ہاں جس کا اتنا پیارا تمیز اور اخلاق والا بیٹا ہو.. وہ خود کتنی قابل ہو گی..

شفق بیگم کی بات سن کر ایمان استزہیہ ہنسی.. دل تو کر رہا تھا.. اچھی سنا دے.. بس اور وقت کا لحاظ کر گئ تھی..

میری حرا کا خیال رکھنا.. میری التجا سمجھ لو..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انٹی میں ظالم جیٹھانی نہیں بنوں گی..جو بات بات پہ طعنے دے.. وہ خود اچھی ہے.. آپ سے بہت مختلف ہے..

ایمان نے زبردستی مسکراتے ہوا کہا..

ہاں یہ تو ہے.. چلو میں دیکھو.. رخصتی کا کہہ رہے تھے..

ایمان کی بات شاید شفق بیگم کی سمجھ میں نہ ائ تھی.. ایمان نے انڈریکٹلی باور کروا دیا تھا.. وہ اور حرا بہت مختلف ہیں..

شادی خیر خیریت سے جسے تیسے ایمان نے گزار لی تھی.. اج انس اور عابی کو واپس جانا تھا.. ایمان نے یاسر کو ان دنوں زیادہ مخاطب نہیں کیا تھا..یاسر بے چینی سے اُس سے بات کرنے کی کوشش کرتا تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عابی کی پیکینگ کر دی

..کن اکھیوں سے دیکھتے پوچھا گیا

ہوں.

..سحر کو بتایا تو نہیں

نہیں...

"حرا اور یاور کہاں ہیں.. ؟؟"

..اب کوئ جواب نہ ایا تھا

اچھا تمہارے بہنوئ کے گھر گئے ہیں..ٹھیک ہے.. ٹھیک ہے..

یاسر کی شرارتی رگ پھرکی تھی.. ایمان اپنی مسکراہٹ دبا گئ..

یار کب تک ناراض رہو گی.. تمہے میری نہیں تو عاقب کی شکل پہ ترس نہیں آتا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر کو ایمان کے ڈھیلے پڑتے تاثرات دیکھ کر شہہ ملی تھی.

"آپ لوگ ترس کے قابل ہو..؟؟"

..اپی

..انس ایمان کو پکارتا کمرے میں انٹر ہوا

..ہاں انس میں نے پیکینگ کروا دی ہے

چلیں ٹھیک ہے.. بس اب نکلنے لگا ہوں.. عابی بھی اداس لگ رہا ہے..

..انس ایمان سے ملتے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی بھائ میں نے کچھ ڈیسائیڈ کیا ہے.. میں واپس نہیں جاؤں گا.. امن کو شادی کے بعد پاکستان لے اؤں گا.. اور ماموں کو کوئ اعتراض نہیں ہے..

ٹھیک کیا یار...

چلو اب نکلو... رات ہونے والی.. مری کا موسم خراب ہی رہتا..

یاسر بھائ آپ مجھے بھگا رہے ہیں..

یہ ہی سمجھ لو سالے صاحب.. تمہاری بہن کا موڈ بدلتے دیر نہیں لگتی.. ابھی تمہارے ساتھ جانے کے لئے تیار ہو جائے..

یاسر نارمل انداز میں بولتا ہوا ایمان کو دیکھنے لگ گیا..

میں تھوڑے دنوں تک اتی ہوں.. فکر نہ کرنا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان انس سے کہتی اُس کے ساتھ باہر نکلی.. گاڑی کے پاس عابی انتظار کی کوفت لیے کھڑا تھا..

اس کو انے کی بھی جلدی ہوتی اور جانے کی بھی..

یاسر عابی کو پیار کرتے بولا..

انس دھیان سے جانا..

ایمان انس کے گلے لگتی فکر مندی سے بولی..

اپی پریشان کیوں ہو رہی ہیں.. میں کونسا پہلی دفعہ جا رہا ہوں.. چل عابی بیٹھ..

"ماموں فون چارج ہے ناں.. ؟؟"

جی پرنس صاحب چارج ہے..

انس چبا کر بولا اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ایمان کتنی ہی دیر اُن کی گاڑی کو دور جاتے دیکھتی رہی

..یاسر پتہ نہیں دل گھبرا رہا ہے

..سحرو کو فون کریں

اچھا میری جان اندر چلو کرتے ہیں...یاد ہے ناں رات کو
..حرا کے گھر دعوت ہے

..میرا دل نہیں کر رہا.. پتہ نہیں عجیب سا ہو رہا

..یار کبھی وقت اور موقع بھی دیکھنا پڑتا

..وہ اندر اتے باتیں کر رہے تھے

..ماما مجھے بھوک لگی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

طحہ ایمان کے گرد باہیں پھیلاتے بولا..

اسنیکس کھا لو.. رات میں ڈینرڑ پہ جانا ہے ناں..

ایمان بجھے دل سے کہتی اپنے کمرے کی طرف چلی گئ.
اور سحر کو فون کرنے لگ گئ..سحر کا حال بھی ایمان جیسا تھا وہ بے صبری سے انس اور عابی کے واپس انے کا انتظار کر رہی تھی..

سب لوگ خوش گپوں میں مصروف تھے.. ایمان چپ بیٹھی کبھی کبھی ہوں ہاں میں جواب دے دیتی تھی..

حرا کے چہرے پر الگ ہی رونق تھی.. اُس کی فکریں دو دن میں ہی ختم ہو گئیں تھیں.. ایمان نے اُسے چھوٹی بہنوں والا پروٹوکول جو دیا تھا..

ایمان بھابی آپ کی طبیعت نہیں ٹھیک لگ رہی.. ؟؟

حرا فکر مندی سے بولی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ہوں ہاں بس دل گھبرا رہا ہے

..ا جائیں لان میں چلتے ہیں

حرا ایمان کا ہاتھ تھامتی اُٹھی

..مام میں اور بھابی لان میں ہیں.. کھانا لگے تو بلا لیں

..ا جائیں

وہ دونوں لان میں ائیں تو عاقب کے تنہا گوشے میں کھڑے پایا.. وہ دونوں کو وہاں دیکھ کر سنجیدگی سے اندر چلا گیا..

"حرا ایک بات پوچھوں.. ؟؟"

..جی بھابی پوچھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب بھائ کی وائف کسی تھیں..

" !!....عینہ بھابی"

وہ تو بہت بہت زیادہ اچھی تھیں.. پتہ ہے مجھے اُن کے ساتھ شاپینگ کرنے کا بہت مزہ اتا تھا....لیکن اُن کے جانے کے بعد مجھے شاپینگ سے ہی نفرت ہو گئ.. دل ہی بند ہونے لگتا.. شاپینگ کا نام سن کر..

حرا افسردہ سی بتا رہی تھی.. ایمان بھی پھیکا سا مسکرا دی.. تبھی یاسر گھبرایا ہوا اُن کی طرف ایا..

ایمان...

کیا ہوا... بے قراری سے پوچھا گیا..

انس کی گاڑی کا اکسیڈینٹ ہو گیا ہے.. نیوز میں بتا رہے ہیں..

ایمان یاسر کی بات سن کر اندر کو بھاگی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نیوز سن کر اُس کے پیروں کے نیچے سے تو زمین نکل گئ تھی..

ہُسپیٹل کا نام نیوز میں سن کر سب وہاں جانے کے لئے بھاگے..

یاور سحر کو لینے جاؤ...میں کسی طرح روکتا ہوں اُسے.. مجھے نہیں لگتا اُسے پتہ چلا ہے ابھی..

جی بھائی میں حرا کو ساتھ لے جاتا ہوں..

یاور کہہ کر حرا کو اشارہ کرتا اپنی گاڑی کی طرف بڑھا..

ایمان کا تو رو رو کر بُرا حال تھا..بچے بھی سہمے ہوئے تھے.. یاسر نے عاقب کو ڈرائیو کرنے کا اشارہ کیا.. تو وہ فوری گاڑی میں بیٹھا.. دل تو اُس کا بھی بیٹھا جا رہا تھا عابی کا سن کر..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر نے ایمان سے بات کرنے کے بعد نماز پڑھی.. پھر انس اور عابی کے لئے کھانے کا اہتمام کرنے لگی.. جب کافی دور بعد وہ فارغ ہوئ تو وقت دیکھا..

اب تک تو ا جانا چاہئے تھا..

فون کر کے دیکھتی ہوں.

خودکلامی بولتی وہ فون کی طرف بڑھی.. لیکن فون نہ لگا تو اُس نے یاسر کو فون کیا..

ہاں سحرو...

پہنچ جائیں گے تھوڑی دیر میں پریشان نہ ہو...سب ٹھیک ہے.. شادی کھائ ناں اس لئے گلہ خراب ہو گیا..

اچھا میں کرواتا ہوں ایمان سے بات..

ایمان کے حلق سے اواز نہیں نکل رہی تھی.. ہاتھ پاؤں الگ کانپ رہے تھے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان کر لو بات ہمت کر کے.. تم جانتی ہو وہ کتنی حساس ہے..

یاسر نے اسپیکرڑ پہ ہاتھ رکھ کر ایمان سے کہا.. لیکن ایمان کے ہاتھ لرزتے دیکھ کر مزید پریشان ہو گیا.. وہ فون پکڑنے کے لئے ہاتھ بڑھا رہی تھی کہ اُس کے ہاتھ اُس کا ساتھ نہیں دے رہے تھے..

اسپیکرڑ اون کر دو بیٹا..

شفق بیگم نے حل پیش کیا.. وہ ایمان کو اپنے ساتھ لپٹائے دلاسہ دے رہیں تھیں.. ایمان بہن کو حوصلہ دو.. تمہارا یہ حال ہے تو اُس کا کیا ہو گا..

یاسر کو سمجھ نہ ائے کھاتے.. پھر اُسے لگا اگر نہ کیا تو شفق بیگم کیا سوچیں گیں.. اج یا کل تو پتہ چل ہی جانا ہے.. اُس نے لب بھنچے اسپیکرڑ اون کیا..

ہیلو اپی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyaba (Episode 10)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی..

اسپکرز سے ابھرتی اواز سن کر عاقب نے ایک جھٹکے سے بریک لگائ تھی.. گاڑی کے ٹائر چرچرائے تھے.. عاقب نے بے یقینی سے یاسر کو دیکھا تھا.. گتھی فوری سلجھ گئ تھی..

اپی بول کیوں نہیں رہیں..

یاسر بھائ..

س سسس حح ر ووو

ایمان اتنا بولتے بھی کانپ رہی تھی.. یاسر اُسے آنکھوں سے نہ کا اشارہ کر رہا تھا.. لیکن ایمان کے زبان اُس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی.. شفق بیگم اُس کے ہاتھ مسلسل مسل رہیں تھیں..

"یاسر بھائ اپی کو کیا ہوا ہے..؟؟"

"اپی رو کیوں رہی ہیں.. ؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اُن سے بولا بھی نہیں جا رہا

.....سحرو دعا کرو پلیز

ایمان ایک دم چلائ تھیں.. سحر کے ہاتھ کی گرفت فون پہ مضبوط ہوئ تھی..

ہوا کیا ہے... ؟؟

..یاسر نے ایمان کو غصے سے دیکھتے اسپیکڑ اوف کیا

کچھ نہیں ہوا بہنا.. تمہاری بہن ڈرامے کر رہی ہے.. تمہے بُلانے کے لئے.. یاور لینے ا رہا ہے..

ہاں انس لوگ بھی واپس ا گئے ہیں.. تم تیار ہو جاؤ... ایک گھنٹے میں پہنچ جائیں گے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر نے سحر کی سنے بغیر فون بند کر دیا..

عاقب گاڑی تو چلاؤ یار...

عاقب جو گم صم بیٹھا تھا.. یاسر کے کہنے پر گاڑی چلانے لگا..

یار ہمت کیوں ہار رہی ہو.. بند کرو رونا.. سحر کو کسے سنبھالو گی..

سحر بند فون کو حیرانی سے دیکھ رہی تھی..

کبھی کہتے انس ا رہا ہے.. کبھی کہتے یاور مجھے لینے ا رہا ہے.. اپی بھی گھبرائ ہوئ تھیں..

یا اللہ خیر کرنا..

سحر سر تھامے وہیں بیٹھی دعائیں مانگ رہی تھی.. بار بار اُس کی ہتھیلیاں بھی پسینے سے بھیگ رہی تھیں..اُسی حالت میں ٹی وی اون کرنے کا ہوش کہاں تھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک گھنٹے بعد دروازے پر دستک ہوئی.. سحر کا تو دل ہی دیہل گیا تھا.. اٹھ کر دروازہ کھولا تو یاور کے ساتھ کھڑی لڑکی کو دیکھ کر دنگ رہ گئ..

اپی چلیں.. آپ کو لینے ائیں ہیں..

سحر نے ناسمجھی سے اُسے دیکھا.. پھر حرا کو..

یہ میری وائف ہے..

حرا تو حیرت سے کنگ رہ گئ تھی سحر کو دیکھ کر..

انس کی گاڑی کا ایکسیڈینت ہو گیا ہے.. ہاسپیٹل چلنا ہے..

سحر کے تو زمین نکلی تھی.. وہ لرکھڑائ تھی..

حرا نے فوری اُسے تھاما تھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyaba (Episode 10)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھابی..

سحر کی انکھوں سے انسو روانگی سے نکل رہے تھے..
یاور واپسی پر فل تیز ڈرائیو کر رہا تھا.. اس بار حرا سحر کے ساتھ پچھلی سیٹ پر بیٹھی اُسے سنبھال رہی تھی..

ہاسپیٹل کے اگے گاڑی روکنے پر سحر نے گھری سانس لی اور حرا کے سہارے سے اندر بڑھی..

ائ سی یو کے باہر موت کا سماں تھا..

عاقب نے دور سے ہی اتی عینہ کو دیکھ لیا تھا..سوجی ہوئ لال انکھیں چہرے پر تکلیف کے آثار لیے وہ حرا کا سہارا لیتے چلی ا رہی تھی..

ایمان سحر کو دیکھتے فوری اُس کی طرف بھاگی.. اور اُس کے گلے لگ کر رونے لگ گئی..

سحرو... انس اور عابی... دعا کرو ٹھیک ہو جائیں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر ہچکیوں سے رو رہی تھی.. ایمان نے اُس سے الگ ہوتے پہلے اپنے انسو صاف کیے.. پھر سحر کے اور خود اُسے تھامتے کرسی پر لا کر بیٹھایا.. اس دوران کسی کی نظریں صرف اُسی پر تھیں...جس کی انکھوں میں گلے شکوے قرب غصہ نا جانے کیا کچھ نہ تھا..

خون کی ضرورت ہے.. B positive ہمیں بچے کے لئے نہیں ہے.. تو آپ لوگ انتظام کر available ہاسپیٹل میں لیں..

نرس میرا بھائ کیسا ہے اور ہمارا بچہ..

یاسر نے بے تابی سے پوچھا..

دیکھیں لڑکے کی حالت کافی نازک ہے.. اندرونی چوٹیں بہت ائیں ہیں.. ہم امید نہیں دلا سکتے..اور بچے کی حالت تھوڑی بہتر ہے.. خون وقت پہ مل گیا تو بہت بہتر ہو گا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ہے.. چلیں B positive میرا

..یاسر دھیمی اواز میں بولا.. اور نرس کے ساتھ اندر چلا گیا

سحر اور ایمان تو روئے جارہی تھیں. انس کی حالت کا سن
..کر اور ہی بُرا حال ہو گیا تھا

یاسر نے دونوں کے پاس اتے انہیں تسلی دی.. ایمان یاسر
کے سینے سے لگے پھوٹ پھوٹ کر رو دی.. سحر تو
روتے روتے حرا کے کندھے پر ہی ڈھلک گئ تھی.. شفق
بیگم نے فکر مندی سے اُسے پکڑا تھا.. وہ تو عینہ کو دیکھ
کر ابھی تک حیران ہی تھیں.. اور انہیں سمجھ ا گیا تھا عابی
..انہیں کا پوتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی

قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد

رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا

معاملہ فرمائے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel